Asylum Advice

سیکشن 1:

اسائلم کلیم کرنا

سیکشن1:
اسائلم کلیم کرنا

1.1 کیا آپ اسائلم حاصل کرنے کی درخواست کرنا چاہتے ہیں؟

آپ اسائلم یعنی بین الاقوامی تحفظ حاصل کرنے کی درخواست صرف اس صورت میں کرسکتے ہیں اگر آپ اپنے وطن لوٹنے میں خوف محسوس کرتے ہیں۔ United Nations (یونائیٹڈنیشنز یعنی اقوامِ متحدہ) 1951 کے اس کنونشن کے مطابق جو Refugee Status (رفیوجی اسٹیٹس یعنی پناہ گزینوں کے درجہ) کے متعلق ہے یہ کہا گیا ہے کہ آپ کے پناہ گزیں ہونے کے درجے پر غور کرنے کےلیے لازمی ہے کہ آپ اپنےملک سے نکل چکے ہوں اور بصورتِ واپسی مندرجہ ذیل وجوہ میں سے کسی ایک وجہ سے آپ کو ایذا رسانی کا شکار ہو سکنے کے خطرے کے مضبوط شواہد موجود ہوں جن کی بنا پر آپ اپنے وطن واپس نہ جا سکتے ہوں:

- آپ کی نسل
- آپ کا مذہب
- آپ کی قومیت
- آپ کے سیاسی نظریات یا پھر
- کسی خصوصی سماجی گروہ سے آپ کا تعلق

اگر یہ فیصلہ کیا گیا کہ آپ پناہ گزین نہیں ہیں کیونکہ آپ کی درخواست بتائی گئی پانچ وجوہ میں سے کسی ایک پر بھی پوری نہیں اترتی تاہم کوئی اور وجوہ ہیں جن کی بنا پر یہ سمجھا گیا ہے کہ اگر آپ اپنے ملک واپس گئے تو آپ شدید خطرات سے دوچار ہوسکتے ہیں تو ممکن ہے کہ آپ انسانی حقوق کی حفاظت کے قانون کی بنا پر انسانی حقوق کی حفاظت کا درجہ حاصل کرنے کے حقدار ہوسکیں۔

اگر آپ یہ سمجھتے ہیں کہ آپ Humanitarian Protection ہیو مینیٹیرین پروٹیکشن یعنی بین الاقوامی حفاظت کی درخواست کرسکنے کے اہل نہیں یعنی نہ تو اسائلم کے حقدار ہیں اور نہ ہی انسانی حقوق کی تحفظ کے حقدار لیکن پھر بھی کوئی اور وجوہ ہیں جن کی بنا پر آپ United Kingdom (یوکے) میں رہنا چاہتے ہیں تو کسی وکیل سے قانونی مشورہ حاصل کریں۔

اگر بین الاقوامی تحفظ کے حصول کےلیے آپ کی درخواست مسترد کر دی گئی تو آئندہ آپ یو کے آنے کےلئے جو درخواستیں دیں گے وہ بھی متاثر ہوسکتی ہیں۔

1.2 میں اسائلم کی درخواست کب کر سکتا ہوں یا کرسکتی ہوں؟

کیا آپ کسی ہوائی اڈے، بحری اڈے یا بین الاقوامی ٹرین اسٹیشن پر ہیں؟
اگر آپ کا ارادہ اسائلم کلیم کرنے کا ہے تو یہ بات بہت اہم ہے کہ جیسے ہی آپ United Kingdom (یونائیٹڈ کنگڈم) میں داخل ہوں اس کے بعد جلد از جلد اسائلم کی درخواست دیں۔ اگر آپ ستم رسانی سے بچ کر نکلے ہیں اور آپکو حفاظت کی ضرورت ہے تو لازمی ہے کہ آپ امیگریشن کے افسر سے بات کرنے کا کہیں ۔ جب امیگریشن کے افسر سے آپ بات کریں تو آپ انہیں یہ ضرور بتائیں کہ آپ United Kingdom یو کے میں اسائلم کی

درخواست دینا چاہتے ہیں کیونکہ آپ خطرے میں ہیں۔

کیا آپ پہلے سے ہی **United Kingdom** (یونائیٹڈ کنگڈم) میں مقیم ہیں؟
اگر آپ پہلے سے ہی UK (یو-کے) میں مقیم ہیں اور اب اسائلم کی درخواست دینا چاہتے ہیں تو Asylum Intake Unit (اسائلم اِنٹیک یونٹ) میں اپائنٹمنٹ بنانا لازمی ہے یہ دفتر Croydon (کرائیڈن) کے علاقہ میں ہے جو کہ South East London (ساؤتھ ایسٹ لندن) میں ہے۔ آپ کے اوپر انحصار کرنے والے یعنی آپ کی زیرِ کفالت دوسرے افراد جو کہ اسائلم کی درخواست میں شامل ہیں ان کےلیے بھی اس اپائنٹمنٹ پر حاضر ہونا لازمی ہے۔ یہ بات بہت ہی اہم ہے کہ جیسے ہی آپ United Kingdom (یونائیٹڈ کنگڈم) پہنچیں اسکے بعد جلد از جلد اسائلم کی درخواست دیں یا پھر آپ پہلے ہی سے یہاں مقیم ہیں تو جیسے ہی آپ کو یہ پتہ چلے کہ اب آپ کے حالات بدل گئے ہیں اور اب آپ کو بین الاقوامی تحفظ کی ضرورت ہے تو فوراً اس کی درخواست دیں۔ برائے مہربانی یاد رکھیں کی ہوم آفس آپ کو کرائڈن کے سفری اخراجات ادا نہیں کرے گا۔

درج بالا اپائینٹمنٹ کے نظام کے علاوہ، Asylum Intake Unit (اسائلم اِنٹیک یونٹ) ان درخواست گزاروں کا جائزہ لے گی جو واک ان سروس کے ذریعے آتے ہیں۔ تاہم اس بات کی ضمانت نہیں دی جا سکتی کہ آپ کی درخواست کو اسی دن نمٹا دیا جائے گا۔ ہو سکتا ہے کہ آپ کی درخواست کو نمٹانے کیلئے آپ کو کسی اور دن کی اپا ئینٹمنٹ لینے کیلئے کہا جائے۔

Asylum Intake Unit اسائلم ان ٹیک یونٹ سے وقت لینے کےلئے ان کا ٹیلیفون نمبر ہے:
020 8196 4524 Asylum Screening Unit

دفتری اوقات: سوموار تا جمعرات، 9 بجے صبح تا 4:45 بجےشام اورجمعہ 9 بجے صبح تا 4:30 بجےشام

(اسائلم ان ٹیک یونٹ) کا پتہ یہ ہے:
Lunar House, Wellesly Road Croydon CR9 2BY

اگر آپ اپنی اپائنٹمنٹ کا وقت بدلنا چاہتے ہیں یا اسے ختم کرانا چاہتے ہیں تو جس قدر جلد ممکن ہوسکے اس نمبر پر ٹیلیفون کریں: 020 8196 4524

اگر آپ کو کسی قسم کا خطرہ درپیش ہے اور آپ سکاٹ لینڈ میں ہیں تو ہو سکتا ہے کہ آپ کو اپنا سکریننگ انٹرویو گلاسگو میں کرنے کی اجازت دے دی جائے۔ اس بات کا فیصلہ تاہم ہوم آفس کی صوابدید پر ہے اور وہ ہر کیس کی نوعیت کے اعتبار سے فیصلہ کرتے ہیں۔

1.3 اسائلم کی درخواست کے لئے مشورہ اور رہنمائی نیز اسائلم کا طریقِ کار۔

Asylum Help اسائلم ہیلپ کا ادارہ ایک خیراتی ادارے کا حصہ ہےجس کا نام مائیگرنٹ ہیلپ ہے۔ Asylum Help اسائلم ہیلپ کا ادارہ پناہ کی درخواست دینے والوں کو مشورہ اور رہنمائی فراہم کرتا ہے۔ Asylum Help اسائلم ہیلپ جن امور پر آزانہ مشورہ، رہنمائی اور معلومات فراہم کرسکتا ہے وہ یہ ہیں: اسائلم کی درخواست، اسائلم کا طریقِ کار، رہائش، مالی مدد، قانونی نمائندوں کا حصول یعنی وکیل کرنا، اور اسائلم سپورٹ سے متعلقہ دیگر امور۔

اسائلم اسکریننگ یعنی اسائلم کی جانچ کیسے ہوتی ہے اس کے بارے میں معلومات، تفصیلی انٹرویو کے بارے میں معلومات نیز آپ کے کیس پر فیصلہ ہونے کے بعد کیا ہوتا ہے یہ سب معلومات آپ کو Asylum Advice UK اسائلم ایڈوائس یو-کے کی ویب سائیٹ پر تحریری طور پر بھی مل سکتی ہیں اور آڈیو کے طور پر بھی موجود ہیں جو آپ سن بھی سکتے ہیں۔ یہ معلومات 15 اہم زبانوں میں فراہم کی گئی ہیں۔ آپ ہماری ویب سائیٹ دیکھ

سکتے ہیں جو یہ ہے:

اگر آپ ذاتی طور پر کسی مشیر سے بات کرنا چاہتے ہیں تو Asylum Advice UK اسائلم ایڈوائس یو کے کے ٹیلیفون نمبر پر مفت فون کریں: 0808 8000 646 یہ بات یاد رہے کہ Asylum Help اسائلم ہیلپ والے آپ کی درخواست کے بارے میں کوئی قانونی مشورہ نہیں دے سکتے۔

اسائلم پروسس ڈائیاگرام



1.4 کیا آپ کو Asylum Support اسائلم اسپورٹ کی ضرورت ہے؟

اگر آپ کو اسائلم اسپورٹ کی مدد کی ضرورت ہے تو ایک مرتبہ جب آپ کا کیس رجسٹرڈ ہو جائے اور آپ کو ایک اپائینٹمنٹ دے دی گئی ہے تو آپ مفت ہیلپ لائین کیلئے اس نمبر پر رابطہ کریں:

UK Asylum Support Applications اسائلم اسپورٹ اپلیکیشن یو کے کے لئے یہ نمبر ہے:
0808 8000 647

یہ سروس آپ کو اس زبان میں فراہم کی جاسکتی ہے جو زبان آپ سمجھتے ہیں۔
اسائلم اسپورٹ کے بارے میں مزید معلومات اس ویب سائیٹ سے حاصل کی جاسکتی ہیں:
www.asylumhelpuk.org
اگر آپ بے گھر ہیں یا اپنی مدد خود نہیں کرسکتے تو اسائلم کے اسکریننگ یعنی پہلے انٹرویو میں ضرور اس بات کی وضاحت کردیں۔ Home Office ہوم آفس اس بات کی جانچ کرے گا کہ کیا آپ کو عارضی رہائش گاہ کی ضرورت ہے۔ ایسی صورت میں وہ اسکریننگ انٹرویو کے فوراً بعد آپ کو رہائش فراہم کرسکتے ہیں۔

اگر آپ یو کے صحیح ویزہ کے ساتھ داخل ہوئے تھے یا اپنی مالی معاونت خود کرتے رہے ہیں تو آپ کو اس بارے میں تمام تفصیلات دینی ہوں گی کہ آپ اپنی مالی معاونت کیسے کرتے رہے ہیں اور ان سب کیلئے روپیہ پیسا کہاں سے آتا تھا۔آپ کو یہ بتانا پڑے گا کہ یہ امداد مزید جاری کیوں نہیں رہ سکتی۔ آپ کو اپنے اسکریننگ انٹرویو میں اس بارے میں تمام ممکنہ شواہد پیش کرنے ہونگے۔

اگر آپ کو آپکے اسکریننگ انٹرویو میں رہائش گاہ میں داخلے سے انکار ہو جاتا ہے تو اسائلم ہیلپ آپ کی فوراً رہائش ڈھونڈنے میں مدد نہیں کر سکتے مگر آپ کی زیادہ مدتی امداد کیلئے درخواست دینے میں معاونت کر سکتے ہیں۔

1.5 Assisted Voluntary Return اسسٹڈ وولینٹری ریٹرن

اگر آپ یہ فیصلہ کر لیں کہ اب آپ اسائلم کلیم نہیں کرنا چاہتے۔ اور یہ کہ آپ ایک بے قاعدہ مہاجر ہیں اور وطن واپس جانا چاہتے ہیں تو ممکن ہے کہ

Home Office Assisted Voluntary Return ہوم آفس اسسٹڈ وولینٹری ریٹرن اس سلسلے میں آپکی مدد کرسکے۔
مزید معلومات کیلئے برائے مہربانی وزٹ کریں:
www.gov.uk/return-home-voluntarily
Voluntary Departures Team وولینٹری ڈیپارچرز ٹیم 0300 004 0202

اس حصہ سے متعلق کسی بھی چیز کے بارے میں مزید معلومات حاصل کرنے کے لئے **Asylum Help**
اسائلم ہیلپ سے رابطہ کریں ان کی ویب سائیٹ ہے: **www.asylumhelpuk.org**

Asylum Advice UK اسائلم ایڈوائس یو کے کا نمبر ہے:
0808 8000 646

Asylum Support Application UK اسائلم اسپورٹ اپلیکیشن یو کے کا نمبر ہے:
0808 8000 647